# ائمہ طاہرين عليہم السلام سے منسوب دن کے اوقات کي دعائيں

<"xml encoding="UTF-8?>

صبح صادق سے طلوع آفتاب تک:
يہ پہلي ساعت ہے جو امير المومنين علي کي طرف منسوب ہے۔ اس ساعت کي دعا يہ ہے:
اے معبود! اے شان و بزرگي اور بڑائي اور اقتدار کے مالک! تو نے جس طرح چاہا اپني قدرت کو ظاہر کيا، تو نے اپني معرفت دے کر اپنے بندوں پر احسان کيا اور اپني طاقت کے ذريعے ان پر غالب آيا اور انہيں شکرِ نعمت کي تعليم دي۔
پس اے معبود! بواسطہ عليؑ کہ جن کو دين کے لئے چنا گيا، جو فيصلہ کرنے ميں دانا اور راہِ تقويٰ سے واقف اور متقيوں کے امام ہيں، رحمت فرما اور ان کي آلؑ پر پہلے اور پچھلے لوگوں ميں۔
اور ميں انہيں اپني حاجتوں ميں وسيلہ بناتا ہوں کہ تو رحمت فرما محمدہ و آلِ محمدہ پر اور ميري يہ حاجات ---- پوري فرما!

طلوعِ آفتاب سے اس کي سرخي دورہونے تک:
يہ دوسري ساعت ہے جو امام حسنِ مجتبيٰ عليہ السلام سے منسوب ہے اور اس کي دعا يہ ہے:
اے معبود! تو نے اپني عظيم قدرت ميں شانِ بزرگي کا لباس پہنا، تيري روشن شعاعوں ميں تيرا نور تاباں ہے۔ تيرا علم حجاب پر حاوي ہے جس سے تو نے ان کو بخشش ميں خاص کيا جو تجھ پر بھروسہ رکھتے ہيں۔
تو اپني کبريائي ميں اتنا بلند ہے کہ اس ميں تو نے اپنے فرمانبردار بندوں پر احسان فرمايا ہے۔ پس ان کے ذريعے تو نے آسمان والوں کے سامنے اس احسان پر فخر کيا۔
پس اے معبود! بواسطہ حسنؑ بن عليؑ کے حق کے جو تجھ پر ہے، ميں سوال کرتا ہوں اور ان کے ذريعے تجھے پکارتا ہوں اور ان کو اپني حاجتوں کے لئے وسيلہ بناتا ہوں کہ تو محمدہ و آلِ محمدہ پر رحمت نازل فرما اور ميري يہ حاجات ---- پوري فرما!

سورج کي شعاعوں کے پھيلنے سے اس کے قدرے بلند ہونے تک:
يہ تيسري ساعت ہے جو امام حسين کے ساتھ منسوب ہے اور اس ساعت کي دعا يہ ہے:
اے وہ جو اتنا حاوي ہے کہ آنکھ اسے ديکھ نہيں پاتي! اے وہ جو اتنا عظيم ہے کہ اس کي حقيقت دلوں ميں سما نہيں سکتي! اے بہترين احسان کرنے والے! اے بہترين درگزر کرنے والے! ا ے بہترين معاف کرنے والے! اے بہت دينے والے! اے عطا کرنے والے! اے وہ جس کي مخلوق ميں کوئي اس جيسا نہيں! اے وہ جس نے اپنے ان اوليائ کے ذريعے اپني مخلوق پر احسان کيا، جن کو اپنے دين کے لئے پسند کيا، ان کے ذريعے اپنے بندوں کو مطيع کيا اور ان کو اپني حجتيں بناکر اپني مخلوق پر مہرباني فرمائي۔
ميں حسينؑ ابنِ عليؑ کے حق کے واسطے سے سوال کرتاہوں جو نواسہ رسولہ ہيں، جو تيري رضاوں کے تابع رہے، جو تيرے دين کے خير خواہ رہے اور جو تيري طرف رہنمائي کرتے رہے۔ ان کے حق کے ذريعے سوال کرتا ہوں اور ان کو اپني حاجات ميں وسيلہ بناتا ہوں کہ تو رحمت فرما حضرت محمدہ اور ان کي آلؑ پر اور ميري يہ

حاجات .... پوري فرما!

سورج کے بلند ہونے سے وقت زوال تک:
یہ چوتھي ساعت ہے جو امام زین العابدین سے منسوب ہے اور اس ساعت کي دعا یہ ہے:
اے معبود! تیرا نور تیري کامل عظمت میں روشن ہے، تیري تیز چمک تیري واضح روشني میں ہے۔ میں تیرے نور کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں جس سے تو نے آسمانوں اور زمینوں کو منور کیا اور ظالموں کي گردنیں توڑیں۔
جس سے تو نے مردوں کو زندہ کیا اور زندوں کو موت دي۔ جس سے تو نے بکھروں کو مجتمع کیا اور مجتمع ہونے والوں کو بکھیر دیا۔ اور جس سے تو نے کلمات کو مکمل اور آسمانوں کو کھڑا کیا۔
میں تیرے ولي و دوست عليؑ بن الحسینؑ کے حق کے ذریعے سوال کرتا ہوں جنھوں نے تیرے دین کا دفاع اور تیري راہ میں جہاد کیا، میں انھیں اپني حاجات میں وسیلہ بناتا ہوں کہ تو محمدہ وآلِ محمدہ پر رحمت نازل کر اور میري یہ حاجات .... پوري فرما!

زوال آفتاب سے چار رکعت نماز ادا کرنے کے وقت تک:
یہ پانچویں ساعت ہے جو امام محمد باقرؑ سے منسوب ہے اور اس کي دعا یہ ہے۔
اے معبود! اے روشني، بڑائي، نور، بزرگي اور بادشاہت کے مالک! تو اپني بلنديِ شان سے سب پر غالب ہے۔ تو نے اپني مہرباني اور رحمت کي بدولت اپنے بندوں پر احسان کیا، انھیں اپني رضا کے موجود ہونے کي خبر دي۔ ان کے لئے ایسا رہنما بنایا جو تیري محبت کي جانب ان کي رہنمائي کرتا ہے، انھیں محبت کا طریقہ بتاتا ہے اور تیري مشیت کي طرف متوجہ کرتا ہے۔
پس اے معبود! محمدؑ بن عليؑ کے حق کي خاطر جو تجھ پر ہے، میں اپني حاجات میں ان کو وسیلہ بناتا ہوں کہ تو محمدہ و آلِ محمدہ پر رحمت نازل کر اور میري یہ حاجات .... پوري فرما!

زوال سے چار رکعت کے وقت کي مقدار کے بعد ظہر تک:
یہ چھٹي ساعت ہے امام جعفرصادقؑ سے منسوب ہے اور اس ساعت کي دعا یہ ہے:
اے وہ جو وہم و خیال کي رسائي سے بلند ہے! اے وہ جو نگاہوں کي رسائي سے بالاتر ہے! اے وہ جو تمام صفات سے عالي تر ہے! اے وہ جو لطف کے معاني سے بہت بلند ہے! اور اے وہ جو جلالِ معاني سے لطیف ہے۔ میں تیرے نورِ ذات اور تیري کبریائي کي روشني کے ذریعے سوال کرتا ہوں، اور تیري عظمت کے واسطے سے جہنم سے بچاو کا سوال کرتا ہوں۔ اور جعفرؑ بن محمدؑ کے تجھ پر حق کي خاطر سوال کرتا ہوں اور اپني حاجتوں میں ان کو وسیلہ بناتا ہوں کہ تو رحمت فرما محمدہ و آلِ محمدہ پر اور میري یہ حاجات ... ۔ پوري فرما!